سوال

(188) نماز جنازہ کے بعد فوراً میت کے گرد حلقہ باندھ کر الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز جنازہ کے بعد فوراً میت کے گرد حلقہ باندھ کر کلام اللہ پڑھ کر مردہ کو بخشتے ہیں۔ احناف کا یہ دوامی عمل ہے، اس کے تارک پر سخت ملامت کی جاتی ہے۔ شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز سے فارغ ہونے کے بعد میت کے گرد حلقہ باندھ کر کلام اللہ پڑھ کر مردہ بخشنا بے اصل اور بے ثبوت چیز ہے اس لیے اس کے بدعت ہونے میں شبہ نہیں کرنا چاہیے۔ (محدث دہلی (۱)۔)

(۱) پرچہ کا اول و آخر نہ ہونے کی وجہ سے جلد اور شمارہ نمبر حاصل نہ ہوا۔ (سعیدی)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد05ص351

محدث فتویٰ